## جوعناصراسلام کے نام پرخودکش حملے اور بم دھماکے کر کے مسلمانوں کا خون بہارہے ہیں وہ اسلام، مسلمانوں اور ملک کے دوست نہیں ہوسکتے۔ جناب الطاف حسین

### ڈیرہ اسمٰعیل خان اور سوات میں خودکش حملوں کے واقعات پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔16/جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ سرحد کے شہروں ڈیرہ اسمٰعیل خان اور سوات میں خودکش حملوں کے واقعات کی شدید مذمت کی ہے اوران واقعات میں پولیس اور سیکوریٹی فورسز کے اہلکاروں سمیت متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس سے قبل میرانشاہ میں فرنٹیئر کانسٹبلری اور بنوں میں پولیس کے قافلے پر خودکش حملہ کے واقعات ہوچکے ہیں جن میں دو درجن سے زائد سرکاری اہلکار جاں بحق ہوچکے ہیں اور گزشتہ روز ڈیرہ اسماعیل خان اور سوات میں ہونے والے خودکش حملوں کے واقعات میں مزید 46 سے زائد سرکاری اہلکار اور عام شہری جاں بحق ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ صوبہ سرحد میں خودکش حملوں، بم دھماکوں اور دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے دیگر واقعات ملک بھر کے عوام کیلئے گہری تشویش کا باعث ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسلام امن اور سلامتی کا دین ہے اور جوعناصر بھی اسلام کے نام پر خودکش حملے اور بم دھماکے کر کے مسلمانوں کا خون بہارہے ہیں وہ اسلام، مسلمانوں اور ملک کے دوست نہیں ہوسکتے۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ صوبہ سرحد میں دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے واقعات کی روک تھام اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔انہوں نے ڈیرہ اسمٰعیل خان اور سوات میں خودکش حملوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کی 13 رکنی مرکزی کمیٹی کا اعلان کردیا گیا

### وسیم الدین قریشی انچارج، مظہر حسین اور مظاہر حسین جوائنٹ انچارجز مقرر، لیبر ڈویژن کے جنرل ورکرز اجلاس میں اعلان

کراچی۔۔۔16/جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کی تنظیم نو کردی گئی ہے اور لیبر ڈویژن کی 13 رکنی مرکزی کمیٹی کا اعلان کردیا گیا ہے۔یہ اعلان اتوار کے روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر شیخ لیاقت حسین نے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں لیبر ڈویژن کے جنرل ورکرز اجلاس میں کیا۔اجلاس میں رابطہ کمیٹی کے انچارج انور عالم اور جوائنٹ انچارج عبدالحسیب نے بھی شرکت کی۔اجلاس میں کراچی سمیت سندھ بھر کے سرکاری، نیم سرکاری ونجی اداروں سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے کارکنان نے شرکت کی۔رابطہ کمیٹی کے اعلان کے مطابق وسیم الدین قریشی لیبر ڈویژن کے انچارج اور مظہر حسین اور سید مظاہر حسین جوائنٹ انچارجز مقرر کیے گئے ہیں جبکہ کمیٹی ممبران میں منظور شیخ، اسد میر خان، کمال الدین، محمد اسرائیل، سید اسد علی کاظمی، عمران خان، محمد اکرم خان، محمد سرور عالم، محمد ذکی قادری اور فنانس سیکریٹری سید مرتضیٰ حسین شامل ہیں۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے شیخ لیاقت حسین، انور عالم اور عبدالحسیب نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پرامن جدوجہد کے ذریعے ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہے اور چاہتی ہے کہ ملک صحیح معنوں میں جمہوریت کا نفاذ ہو، محنت کشوں کے حالات کار بہتر ہوں اوران کی ملازمتوں کو تحفظ حاصل ہو۔انہوں نے لیبر ڈویژن کی مرکزی کمیٹی کے نومنتخب ارکان کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے انجام دیں اور اپنے اپنے اداروں کی ترقی کے ساتھ ساتھ بلاامتیاز وتفریق محنت کشوں کے مسائل کے حل اوران کے حقوق کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔

## حق پرست عوام کہکشاں ترنم کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔16/جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ماموں زاد بہن کہکشاں ترنم کی صحت یابی کیلئے دعا کریں جو گزشتہ کئی دنوں سے ایک مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت غذائی اجناس اور امدادی اشیاء کے مزید چار ٹرک
## بلوچستان اور سندھ کے سیلاب اور بارش سے متاثرہ علاقوں کیلئے روانہ کردیئے گئے

کراچی۔۔۔16/جولائی2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سندھ، بلوچستان اور صوبہ سرحد میں بارشوں اور سیلاب سے متاثرین کی بحالی اور امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں غذائی اجناس اور ضروری ادویات پر مشتمل مزید چار ٹرک بلوچستان اور سندھ کے متاثرہ علاقوں میں روانہ کردیئے گئے ہیں۔اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر شیخ لیاقت حسین ، رابطہ کمیٹی پاکستان کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب ، رکن رابطہ کمیٹی اشفاق منگی اور ریلیف کمیٹی کے انچارج شاہد لطیف ،صوبائی وزیر ثقافت رؤف صدیقی ، ارکان صوبائی اسمبلی عبدالقدوس اور خالد بن ولایت ایڈوکیٹ بھی موجود تھے۔اس امدادی کھیپ میں لاکھوں روپے مالیت کی ادویات، آٹا، چاول، گھی، تیل، خشک دودھ، دالیں، چینی، چائے کی پتی، منرل واٹر، بسکٹس ، پاپے اور روزمرہ استعمال کی دیگر اشیاء کے پیکٹ شامل ہیں۔اس موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ لیاقت حسین اور عبدالحسیب نے کہا کہ ایم کیوایم دکھی انسانیت کی عملی خدمت پر عمل پیرا ہے اور اپنی بساط کے مطابق قدرتی آفات سے متاثرہ عوام کو نہ صرف غذائی اجناس مہیا کررہی ہے بلکہ انہیں علاج ومعالجہ کی سہولیات بھی فراہم کررہی ہے انہوں نے بتایا کہ یہ امدادی سامان بلوچستان کے اوستہ محمد اور سندھ کے اضلاع دادو اور قمبر شہدادکوٹ میں متاثرہ خاندانوں کو فراہم کیا جائے گا۔انہوں نے مخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ بارش اور سیلاب زدگان کے عوام کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن سے تعاون کریں اور اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

## سیلاب زدگان کیلئے متحدہ کلچرل اینڈ لٹریری فورم کے زیراہتمام باغ ابن قاسم کلفٹن میوزیکل شو کا انعقاد
## فلم، ٹی وی اور اسٹیج کے فنکاروں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا، شائقین نے سیلاب زدگان کیلئے بڑی تعداد میں عطیات دیئے
## میوزیکل شو کو قبائلی علاقوں میں ہونے والی دہشتگردی کی بناء پر آخری مراحل میں ملی نغموں اور قومی ترانے کے پروگرام میں تبدیل کردیا گیا

کراچی۔۔۔16، جولائی2007ء

متحدہ کلچرل ونگ اینڈ لٹریری فورم کے زیراہتمام بلوچستان، سندھ اور سرحد میں سیلاب زدگان کی امدادی کیلئے جمعہ سے شروع ہونیوالے سہ روزہ فنڈ ریزنگ کیمپ کے تیسرے اور آخری دن باغ ابن قاسم میں میوزیکل شو منعقد کیا گیا جس میں فلم اسٹیج اور ٹی وی ریڈیو سے تعلق رکھنے والے ممتاز فنکاروں نے شرکت کی اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔متحدہ کلچرل ونگ اینڈ لٹریری فورم کے تحت ہونیوالے میوزیکل شو کو قبائلی علاقوں میں ہونیوالے دہشتگردی کے افسوس ناک واقعات میں متعدد افراد اور سیکورٹی اہلکاروں کے جاں بحق ہونے کی بناء پر آخری مراحل میں ملیّ نغموں کے پروگرام میں تبدیل کردیا گیا۔شو میں شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور متاثرین کیلئے دل کھل کر عطیات دیے۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر عادل صدیقی، متحدہ کلچرل ونگ اینڈ لٹریری فورم کی صدر محترمہ خوش بخت شجاعت، اداکار سعود، کمال، انور اقبال اور عمر شریف کے علاوہ ممتاز گلوکار سلیم جاوید، محمد علی شہکی، حسن جہانگیر، آفتاب خان، غزالہ جاوید، رابعہ رضوی، محمد ابراہیم، مہتاب علی، شان جہانگیر، نازنین اعجاز، ارشد محمود، رابعہ رحمٰن، اسٹیج اور ٹی وی فنکار ایوب کھوسو، شبیر جان، امجد رانا، عمران عباس اور دیگر نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔قبل ازیں امدادی کیمپ کے تیسرے اور آخری روز ممتاز فنکاروں کی جانب سے چندہ اور امدادی اشیاء جمع کی گئیں۔فنکاروں نے فنڈ ریزنگ کیمپ کے علاوہ پیدل جاکر بھی شہریوں سے سیلاب زدگان کیلئے جھولی بنا کر فنڈ اکھٹا کیا۔اس موقع پر خوش بخت شجاعت نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ دکھی انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور سیاست برائے سیاست کے بجائے سیاست برائے خدمت کے فلسفے پر عمل پیرا ہے۔انہوں نے عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ اپنے ہم وطن متاثرہ افراد کیلئے دل کھول کر عطیات جمع کرائیں۔

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن اور لانڈھی ٹاؤن کے حق پرست لیبر کونسلر سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔16/جولائی2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 77 کے فنانس سیکریٹری فتح محمد کے بھائی محمد مشتاق اور لانڈھی ٹاؤن یوسی 10 کے حق پرست لیبر کونسلر ریاض الکریم کی والدہ محترمہ عقیلہ خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔( آمین )

## پیپلز پارٹی، مسلم لیگ (ن) اور جماعت اسلامی کے کئی کارکنوں اور پنجابی، پختون وہزارہ برادری کی کئی شخصیات کی سینکڑوں ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی۔۔۔16، جولائی 2007ء

سلطان آباد گڈاپ ٹاؤن یوسی 8 کے پیپلز پارٹی، مسلم لیگ (ن) اور جماعت اسلامی کے کارکنوں اور پنجابی، پختون اور ہزارہ برادری کی معزز شخصیات نے غریب ومتوسط طبقہ کے حقوق کیلئے ایم کیوایم کی جدوجہد اور جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ سے متاثر ہوکر اپنے سینکڑوں ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز سلطان آباد گڈاپ ٹاؤن میں ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت منعقدہ ایک اجتماع میں کیا جس میں رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی، حق پرست رکن سندھ اسمبلی عبدالستار انصاری ایڈوکیٹ اور ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والوں میں سرفراز تنولی، جاوید جدون، ڈاکٹر رفیق باجوہ، امیر جان مروت اور ناموس خان شامل ہیں۔ انہوں نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد ملک بھر کے 98، فیصد غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کا حصول ہے اور جو جماعتیں ایم کیوایم پر جھوٹے الزامات عائد کررہی ہیں وہ غریب ومتوسط طبقہ کے پنجابی، پختون، بلوچ، سرائیکی، سندھی اور دیگر قومیتوں اور برادریوں کے افراد کو ایم کیوایم سے بدظن کرنے کی سازش کررہی ہیں تاکہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کی جدوجہد کو روکا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے مظلوم عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہورہے ہیں اور انشاءاللہ اب فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا بہت جلد خاتمہ ہوجائے گا۔ قبل ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی اور رکن سندھ اسمبلی عبدالستار نے ایم کیوایم سلطان آباد کے رابطہ آفس کا افتتاح بھی کیا۔

## سازشوں اور مظالم سے ایم کیوایم کو ختم نہیں کیا جاسکتا، ڈاکٹر خالد مقبول
## ایم کیوایم امریکہ کے 12، ویں سالانہ کنونشن کے تیسرے روز تربیتی نشست سے خطاب
## کنونشن میں انڈو پاک مشاعرے کا انعقاد۔ وسیم بریلوی، معراج فیض آبادی اور دیگر شعراء نے کلام سنایا

ڈیلاس۔۔۔16، جولائی 2007ء

ایم کیوایم نارتھ امریکہ کے نگراں ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ایک انقلابی تنظیم ہے جس منفی پروپیگنڈوں، سازشوں اور مظالم سے ختم نہیں کیا جاسکتا۔ یہ بات انہوں نے ایم کیوایم امریکہ کے 12 ویں سالانہ کنونشن کے تیسرے روز کارکنان کی تربیتی نشست سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ قبل ازیں ایم کیوایم سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے آرگنائزر اعجاز صدیقی، جوائنٹ انچارج فرحت خان، کمیٹی کے ارکان ارشد حسین اور کمال ظفر نے تنظیمی کارکردگی کی رپورٹ پیش کی۔ تربیتی نشست سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ ایم کیوایم ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے اور اس جدوجہد کو ختم کرنے کیلئے پاکستان کی اسٹیبلشمنٹ نے اپنے زرخرید دہشت گردوں کے ذریعے لسانی فسادات کرائے، ایم کیوایم کے خلاف بدترین منفی پروپیگنڈہ کیا اور 19، جون 1992ء کو فوجی آپریشن کرکے ایم کیوایم کے 15، ہزار سے زائد کارکنان کو ماورائے عدالت قتل کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ تمام تر مظالم کے باوجود ایم کیوایم کو ختم نہ کیا جاسکا اور ایم کیوایم کا پیغام ملک بھر میں تیزی سے فروغ پانے لگا اور پاکستان کے چاروں صوبوں کے عوام ایم کیوایم میں شامل ہونے لگے تو 12 مئی کو ایک منظم سازش کے تحت کراچی میں قتل وغارتگری کرائی گئی اور میڈیا کے ذریعے ایم کیوایم کے خلاف بدترین پروپیگنڈہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ایک نظریاتی تنظیم ہے جس منفی پروپیگنڈوں، سازشوں اور مظالم سے ختم نہیں کیا جاسکتا اور آج بھی ایم کیوایم اپنی منزل کی جانب رواں دواں ہے۔ انہوں نے تمام ذمہ داران پر زور دیا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق کارکنان کی عزت کریں اور ان سے اخلاق سے پیش آئیں۔ آخر میں ایم کیوایم امریکہ کے مختلف یونٹوں اور شعبوں کو اعلیٰ کارکردگی پر ایوارڈز بھی دیئے گئے۔ قبل ازیں ایم کیوایم امریکہ کے سالانہ کنونشن کے دوسرے روز ڈیلاس میں ایم کیوایم امریکہ گہوارہ ادب کے زیراہتمام تیسرا انڈو پاک مشاعرہ منعقد ہوا جس میں بھارت اور پاکستان سے تعلق رکھنے والے شعراء نے شرکت کی اور اپنے تازہ کلام پیش کیے۔ مشاعرے میں بھارت سے وسیم بریلوی اور معراج فیض آبادی، پاکستان سے رفیع الدین راز، نیویارک سے روحیل خان، ڈیلاس سے طارق ہاشمی، نادر درانی، یوسف اعجاز، ڈاکٹر عامر سلیمان، مسعود قاضی اور ظفر جعفری نے شرکت کی۔ یہ مشاعرہ رات گئے تک جاری رہا۔

## عمران خان، قانون اورانصاف کی پکڑ سے بچنے کی کوشش کررہے ہیں، ڈاکٹر فاروق ستار
## عمران خان کے اعترافی بیان کے بعدان کے وکلاء کی طرف سے ان کو بے گناہ ثابت کرنے کے دلائل کی کوئی گنجائش نہیں
## عمران خان کے خلاف ریفرنس کی سماعت کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو

اسلام آباد۔۔۔16، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کو ریفرنس کا دعویٰ تیار کرنے کیلئے الیکشن کمیشن کی طرف سے انتہائی مناسب وقت دیا گیا تھا لیکن انہوں نے جان بوجھ کر تاخیری حربے کے طور پر جواب دعویٰ دائر کرنے کے لئے مزید وقت کی استدعا کی ۔ یہ بات انہوں نے پیر کے روز عمران خان کے خلاف ریفرنس کی سماعت کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی ۔انہوں نے کہا کہ ہم نے عمران خان کے خلاف ریفرنس 12 جون کو اسپیکر قومی اسمبلی کے پاس جمع کرادیا تھا جنہوں نے ضابطے کی کارروائی مکمل کرکے ریفرنس جون ہی میں الیکشن کمیشن بھجوادیا تھا اور الیکشن کمیشن کی طرف سے ہمیں 3 جولائی کو سماعت کا نوٹس مل گیا تھا۔انہوں نے عمران خان کے وکیل کی جانب سے عمران خان کے خلاف ریفرنس کو بدنیتی پر مبنی قرار دینے پر کہا کہ بدنیتی کا شبہ اس وقت ہوتا ہے جب کوئی فریق تاخیری حربے اختیار کرکے قانون اور انصاف کی پکڑ سے بچنے کی کوشش کرے اور عدالت کی طرف سے تاریخ مقرر ہونے پر جواب دعویٰ دائر نہ کرے ۔انہوں نے کہا کہ قانون میں گنجائش موجود ہے کہ انہیں جواب دعویٰ دائر کرنے کا موقع مل سکے جو ٹربیونل نے عمران خان کے وکلاء کو دیا ہے اور ان پر لازم ہے کہ عدالتوں کا سامنا کریں ۔انہوں نے کہا کہ اس وقت الیکشن کمیشن کی حیثیت بھی ایک عدالت کی ہے انہوں نے دونوں فریقین کو بلوایا ہے دونوں فریقین کے وکلاء نے وکالت نامے جمع کروائے ہیں اور جس طرح اسپیکر قومی اسمبلی نے تمام قانونی تقاضے مکمل کرکے ریفرنس الیکشن کمیشن بھیجا ہے اس پر عمران خان کے وکلاء نے اسپیکر پر جانبداری کا الزام لگا کر پارلیمان اور اسپیکر کا استحقاق مجروح کیا ہے ۔انہوں نے کہا کہ ابھی چندروز قبل عمران خان نے ایک نجی ٹی وی کے ٹاک شو میں اعتراف کیا ہے کہ وہ آرٹیکل 63,62 پر پورا نہیں اترتے ان کے اس اعترافی بیان کے بعد ان کے وکلاء کی طرف سے ان کو بے گناہ ثابت کرنے کے دلائل کی کوئی گنجائش نہیں بچتی ۔انہوں نے کہا کہ عمران خان کی طرف سے تاخیری حربوں کو اختیار کرنے سے صاف ظاہر ہے کہ ریفرنس میں ان کی پوزیشن انتہائی کمزور ہے، جس کی وجہ سے وہ قانون اور انصاف کی پکڑ سے بچنے کی کوشش کررہے ہیں ۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ 25، جولائی سے ریفرنس کی باقاعدہ سماعت شروع ہوجائے گی اور الیکشن کمیشن قانون کے مطابق اس ریفرنس پر 90 دن کے اندر فیصلہ کرنے کا پابند ہے۔

## ایم کیوایم اور ڈاکٹر شیر افگن نیازی کی جانب سے عمران خان کے خلاف، سماعت 25 جولائی تک ملتوی ہوگئی

اسلام آباد۔۔۔16، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ اور ڈاکٹر شیر افگن نیازی کی جانب سے عمران خان کے خلاف آرٹیکل 63,62 کے تحت الیکشن کمیشن میں دائر ریفرنس کی سماعت 25، جولائی تک ملتوی ہوگئی۔ ریفرنس کی سماعت چیف الیکشن کمشنر جسٹس ریٹائر فاروق قاضی اور لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس نسیم سکندر پر مشتمل ٹربیونل نے الیکشن کمیشن میں کی۔عمران خان کے وکیل حامد خان اور احمد اویس نے ٹربیونل سے استدعا کی کہ ان کے موکل عمران خان ملک سے باہر ہیں اس وجہ سے ہم ریفرنس کا جواب دعویٰ تیار نہیں کرسکے لہٰذا ہمیں جواب دعویٰ دائر کرنے کیلئے وقت دیا جائے جس پر ٹربیونل نے آئندہ سماعت 25، جولائی تک ملتوی کردی۔متحدہ قومی موومنٹ کی طرف سے ریفرنس کی پیروی بیرسٹر حبیب الرحمٰن نے کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار، وفاقی وزیر مواصلات محمد شمیم صدیقی، سید صوان اللہ، اراکین قومی اسمبلی سید حیدر عباس رضوی، اقبال محمد علی خان، عابد علی امنگ، اسرار العباد، نواب مرزا ایڈوکیٹ، سیکریٹری الیکشن کمیشن کنور محمد دلشاد اور وفاقی وزیر پارلیمانی امور شیر افگن نیازی بھی موجود تھے۔

## رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر صباح حیدر ملک اور سید جہانگیر کو ایک ایک ماہ کیلئے معطل کردیا

کراچی۔۔۔16/جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 174 کے کارکنان صباح حیدر ملک ولد غلام حیدر ملک اور سید جہانگیر ولد سید عارف بھوپالی کو ایک ایک ماہ کیلئے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی کہ وہ مذکورہ بالا افراد سے کسی قسم کا تعلق یا رابطہ نہ رکھیں

☆☆☆☆☆